## سوال

گیارہویں اور رمضان میں مسجد میں کھانا وغیرہ کھانا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہماری مسجد قبا اہلحدیث میں رمضان کے مہینہ میں چاول وغیرہ آتے ہیں۔ اور شک یہ ہوتا ہے کہ ان چاول پر ختم نہ دیا گیا ہو چاول ہمیں کھانے چاہئیں کہ نہیں؟ (۲) ہمارے ایک دوست اہلحدیث کا یہ تاثر ہے کہ ختم والی چیز کھالی جائے تو کوئی حرج نہیں دعوت سمجھ کر یا ویسے لیکن ہم آج تک اس کو بدعت سمجھ کر نہیں کھا رہے آپ بتائیں ہم کو کیا کرنا چاہیے اور کھانا کیسا ہے؟ (۳) گیارہویں کے متعلق بیان کرنا کہ یہ دینا اور کھانا کیسا ہے قرآن اور سنت نبوی کے مطابق تاکہ ہمارے اشکال دور ہوسکیں اور ہم سنت کے مطابق رہ سکیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ختم والی چیز سے پرہیز ضروری ہے البتہ خواہ مخواہ شبہ ختم کا کوئی اعتبار نہیں۔ (۳) یہ چیزیں قرآن وسنت سے ثابت نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

عقائد کا بیان ج1ص70